I۔ ذیل کے سوالوں کے جواب ایک تا دو جملوں میں لکھیے۔

1۔ گرام پنچایت کی جانب سے کیے جانے والے کوئی دو کاموں کی مثالیں دیجئے۔

2۔ آبی ذرائع کی درجہ بندی کیجئے۔

II۔ ذیل کے سوالوں کے جواب چار تا پانچ جملوں میں لکھیے۔

1۔ جانم پیٹ گاؤں کے فصلوں کے موسم اور متعلقہ فصلوں کے بارے میں لکھئے۔

2۔ مٹی کے اقسام کی درجہ بندی کیجئے اور ان میں اگنے والی فصلوں کو بیان کیجئے۔

3۔ گاؤں میں انجام دئے جانے والے غیر زرعی کاموں کے بارے میں لکھیے۔

4۔ گاؤں والوں کی طرز زندگی کو بیان کیجئے۔

5۔ گرام پنچایت کے انتخاب کے طریقہ کار کو سمجھائیے۔

6۔ زرعی زمینات یا قطعہ اراضی کے ملکیت کی بنیاد پر کسانوں کی درجہ بندی کیجئے۔

III۔ ذیل کے سوالوں کے جواب آٹھ تا دس جملوں میں لکھیے۔

1۔ گاؤں میں موجود ذات کے پیشوں کو بیان کیجئے اور ان میں سے کسی دو کے بارے میں لکھئے۔

2۔ عوامل پیداوار کی درجہ بندی کیجئے اور ان کے بارے میں وضاحت کیجئے۔

IV۔ کثیر جوابی سوالات

1۔ کالی مٹی اس فصل کے لیے نہایت موزوں ہوتی ہے۔ (   )

A) دھان　B) گنا　C) کپاس　D) مونگ پھلی

2۔ سال میں کتنی مرتبہ گرام سبھا کا اجلاس ہونا چاہیے۔ (   )

A) ایک　B) دو　C) تین　D) چار

3۔ یہ عوامل پیداوار نہیں ہے۔ (   )

A) سرمایہ　B) منتظم　C) زمین　D) اجرت